نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

اقتصادی ترقی پاکستان کے مستقبل کی کلید ہے: امریکی سفارتکار

لاہور (13 فروری 2008ء) ___ امریکی سفارتخانہ کی قونصلر برائے اقتصادی وتجارتی امور ایمی ہولمین نے زور دے کر کہا ہے کہ پاکستان اور امریکہ پائیدار اور متوازن اقتصادی تعلقات سے فائدہ اٹھائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز (LUMS) میں خطاب کرتے ہوئے کیا۔

امریکی سفارتکار نے طلبہ وطالبات اور اساتذہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے پاس سنانے کیلئے 1999ء سے اقتصادی نمو اور ترقی کی متاثر کن کہانی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اقتصادی ترقی پاکستان کو مستقبل میں ایک پرامن اور جمہوری ریاست بننے میں مددگار ثابت ہوگی۔

امریکی سفارتکار نے کہا کہ 2007ء میں 913 ملین ڈالر کی سرمایہ کاری کے ساتھ امریکہ پاکستان میں سب سے بڑا غیر ملکی سرمایہ کار ہے اور امریکہ پاکستان کیلئے بدستور سب سے بڑی برآمدی منڈی ہے۔ 07-2006ء کے مالی سال کے دوران ملک کی کل برآمدات 17.08 ارب ڈالر کا 28.4 فیصد حصہ امریکہ کو بھیجا گیا۔

ایمی ہولمین نے کہا کہ حکومت امریکہ نے سرحدی علاقوں میں پاکستان کے 10 سالہ منصوبہ میں اعانت کیلئے پانچ برسوں کے دوران 750 ملین ڈالر کی امداد دینے کا عہد کیا ہے۔ وفاق کے زیر انتظام قبائلی علاقوں میں صحت عامہ، تعلیم اور اقتصادی ترقی کی ہماری مشترکہ کوششیں جنوبی ایشیا میں استحکام کے فروغ میں معاون ثابت ہوں گی۔

محترمہ ہولمین نے اسٹریٹیجک علاقوں میں اقتصادی طور پر بااختیار بنانے کے نئے منصوبہ (EESR) کا خاکہ بیان کرتے ہوئے کہا کہ اس سے مقامی تاجروں اور کاروباری حضرات کو نجی شعبہ اور حکومت امریکہ کے ساتھ ممکنہ اشتراک کار سے رابطے بڑھانے کے مواقع میسر آئیں گے۔ انہوں نے بزنس ایڈمنسٹریشن کے طالبعلموں کو کہا کہ وہ EESR کی ویب سائٹ (www.state.gov/e/eeb/tpp/eesr) ملاحظہ کریں اور اپنے خیالات سے آگاہ کریں۔

صوبائی دارالحکومت کے دورہ کے دوران امریکی سفارتکار نے تاریخی بادشاہی مسجد، قلعہ اور لاہور کے عجائب گھر کا دورہ کیا۔ ایمی ہولمین نے شہر میں امریکی کاروباری نمائندوں سے بھی ملاقات کی۔

###

مزید پریس ریلیز کیلئے ہماری ویب سائیٹ: http://islamabad.usembassy.gov ملاحظہ کریں۔

اسلام آباد	لاہور	کراچی	پشاور
سفارت خانہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ رمنا-5، اسلام آباد فون: 2080000 E-mail: infoisb@state.gov	50 ایمپریس روڈ فون: 6034000 E-mail: irclahore@state.gov	کلکٹرز لین، 8 عبداللہ ہارون روڈ فون: 5204200 E-mail: irckhi@state.gov	11۔ اسپتال، روڈ، پشاور کینٹ فون: 5285901-3, 5279801-3